Published Simultaneously from Bangalore & Hubli

روزنامہ سالار بنگلور

ಸಾಲಾರ್
ದಿನ ಪತ್ರಿಕೆ ಬೆಂಗಳೂರು

SALAR
DAILY BANGALORE

SALAR DAILY Bangalore, Wednesday 6th April 2011

# ڈی جے ہلی میں معمر شہریوں کیلئے مڈ ڈے میل اسکیم کا آغاز

بنگلور-5 اپریل (سالار نیوز) دور حاضر میں ایک مفلس کو دو وقت کی روٹی فراہم کر کے آنے والی نسلوں تک ایک تابناک معاشرے کی تشکیل کی جاسکتی ہے اور اسی سے آج کی دم توڑتی انسانیت کا تحفظ ممکن ہے-یہ باتیں محسن شریف ایجوکیشنل وچاری ٹیبل ٹرسٹ کے بانی وچیرمین محسن شریف نے ڈی جے ہلی میں معمر شہریوں کو مفت کھانا فراہم کرنے کی اسکیم کا آغاز کرتے ہوئے کہی- انہوں نے بتایا کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق مستحق اور غریب افراد کی امداد اور ان کے کھانے کا نظم کرنے کی غرض سے سات سالوں سے ادارہ یہ کام کر رہا ہے-شہر کی مختلف اسکولوں میں روزانہ پچاس ہزار بچوں کو "مڈ ڈے میل" فراہم کیا جارہا ہے- معمر شہریوں کے ساتھ ہونے والے ناروا سلوک کے پیش نظر گزشتہ ماہ سے دس ہزار سینئر سٹی زنس کو بھی کھانا فراہم کرنے کا بیڑا اٹھایا گیا -محسن شریف کے مطابق ڈی جے ہلی کے علاوہ کے جی ہلی، ناگوارا اور گوری پالیہ میں بھی اس اسکیم کا آغاز عنقریب ہوگا- اس دوران ڈی جے ہلی کے کارپوریٹر آر سمپت راج نے بتایا کہ مقامی تنظیم شیڈ اور محسن چاری ٹیبل ٹرسٹ کا یہ مشترکہ اقدام یقیناً قابل ستائش ہے-ان اداروں نے اس عظیم اقدام کو اپنا کر معاشرے میں ایک نئی شروعات کی ہے- انہوں نے کہا کہ ڈی جے ہلی کو ابتداء میں پسماندہ علاقہ قرار دے کر اس حلقے کو تحقیر آمیز نگاہوں سے دیکھا جاتا تھا مگر رفتہ رفتہ یہاں کا عوامی تعاون اور مقامی اداروں کے اقدامات علاقے کو اس الزام سے بری کروانے میں اہم رول نبھا رہے ہیں-اس موقع پر ادارے کے لیگل اڈوائزر شکیل احمد نے بھی خطاب کیا-



شہر کے ڈی جے ہلی میں مڈ ڈے میل اسکیم کے آغاز کے موقع پر چیرمین محسن شریف، کارپوریٹر سمپت راج اور کلیم اللہ کے علاوہ رفیع دھارواڑ کر دیکھے جاسکتے ہیں......(تصویر: ابراہیم نفیس)